رادہا فلم کمپنی آف کلکتہ
کا زبردست قابل دید شہکار

وامق عذرا

سچی محبت کی

پبلشرز:- پریم نراین بکسیلر دہلی
سول ایجینٹ
رتن اینڈ کو تاجران کتب
دریبہ کلاں دہلی

(بمبئی چوب برقی پریس دہلی)

وامق عذرا کے گانے

گانا نمبر ۱

تو ذوالجلال، بیمثال۔ عالی۔ والی۔ خالق۔ مالک۔ پروردگار
تو کریم، تو رحیم، بے نیاز۔ کارساز۔ کردگار۔ آمرزگار

شعر۔ زمین و آسماں، کون و مکاں شاہد ہیں عظمت کے
مہ و خورشید سے جلوہ عیاں ہیں تیری قدرت کے
بحر و بر میں شمس و قمر میں تیرا ہی نور آشکار

گانا نمبر ۲

تقاضہ۔ ہائے جوبن پہ ذرا ان کے اُبھار آنے تو دو۔
سینکڑوں بن جائیں گے بلبل بہار آنے تو دو۔

بیابات۔ دکھاتی ہیں نظربازوں کو شان دلبری آنکھیں۔
پلا دیتی ہیں جادو دل پہ وہ جادو بھری آنکھیں۔
مجھے مخمور نظر آتی ہے لعل جام بلوری میں۔
ادا سے جس طرح ہنس کر دکھاتی ہے پری آنکھیں
بسر مگیں آنکھیں کریں گی دیکھ لینا قتل عام۔
خنجر فولاد پر بجلی کی دھار آنے تو دو

گانا نمبر ۳

نیند میں کیسے ابرو پہ بل آئے ہوئے ہیں

خنجر وہ بے قتل پہ چمکائے ہوئے ہیں
دیتی ہے پتہ ان کی حیا وصل کی شب کا
نیچی وہ نگاہیں کیے شرمائے ہوئے ہیں۔

گانا نمبر ۴

بخمہ :- رسیلی نگاہوں نے کیا جادو ڈالا
نشیلی آنکھوں نے بنایا متوالا

رونق :- آنکھوں نے دل لگانے کا دل سے گلہ کیا
دل نے گناہ آنکھوں کے ذمہ لگا دیا
آنکھوں کا ہے قصور نہ کچھ دل کی ہے خطا
دونوں کو حسنِ یار نے بیخود بنا دیا۔
مجھے جامِ الفت پلا کر جھکایا
پلایا شرابِ محبت کا پیالہ

گانا نمبر ۵

پھرتا ہوں تیرے عشق میں دیوانہ وار ماہرو
خانہ بہ خانہ، دربدر، صحرا بہ صحرا، کو بہ کو،
حسن کی تیرے گلعذار پھیلی ہے ہر طرف بہار
باغ بہ باغ، گل بہ گل، لالہ بہ لالہ، بو بہ بو

گانا نمبر ۶

ہے مسیحی مجھ کو جلانے کی تدبیر تمہاری آنکھوں میں۔

لازیب ہے جام مسیحا کی تاثیر تمہاری آنکھوں میں
ہونٹوں کی ہنسی ہے جام شفا۔ غصّہ کی نظر پیغام قضا
اعجاز تمہاری باتوں میں شمشیر تمہاری آنکھوں میں

گانا نمبر ۷

واہ جی واہ اچھے آئے دل لبھانیوالے
الفت جتانیوالے۔ عورت کو پھسلانے والے
بھولی چڑیا کو دام میں پھنسانے والے
رونق :۔ پیاری تیرے نخروں کی دوہائی
نجمہ :۔ اڑا اڑا میری ٹوٹی کلائی
رونق :۔ ایک بوسہ تو دلواؤ
نجمہ :۔ جاؤ جی منہ بنواؤ
پکے دھوکے دیتے۔ ہائے ہیں ہم کب ہیں آنیوالے

گانا نمبر ۸

رم جھم بادل چھائے۔ برسے بدریا۔ آنسوؤں کی دھارا
گھنگھور غم کی گھنگھور چھائی رہے۔ رین اندھیری کالی بجلی چمک رہی
تھر تھر کانپے دھڑکت جیارا ہمارا

گانا نمبر ۹

ساقی تو پلائے جا پیمانہ پہ پیمانہ
مے نوش کھڑے ہیں سب گھیرے ہوئے میخانہ

نہیں الٹی صراحی، چاند الٹا، آسماں الٹا
نشہ میں مجھ کو آتا ہے نظر سارا جہاں الٹا
نظر آتی ہے میخواروں کو میخانہ کی چھت الٹی
ہے اک الٹے ہوئے خم کی طرح سارا مکاں الٹا
اس شیشۂ رنگین میں کیا ناچتی ہیں پریاں
اندر کا اکھاڑہ ہے.. میخانہ.. پریخانہ

گانا نمبر ۹

فصلِ بہار آئی رنگ رلیاں کرو خوشیاں۔ کالی گھٹا ہے چھائی گلشن پہ بہار آئی
بلبل ہے مسکرائی۔ قدرت کی گلکاری

گانا نمبر ۱۱

میری آنکھ ابرِ بہار ہے بندھا ایک آنسو کا تار ہے
میرا سینہ غم سے فگار ہے نہیں دل کو میرے قرار ہے
نہیں شب کو گور پہ چاندنی، میرے دل کی چھائی ہے بیکسی
یہ بجھی بجھی سی ہے روشنی کہ مرا چراغِ فرار ہے۔

گانا نمبر ۱۲

بیت نبھاؤ جی راجہ جی۔ مورے جوبنا کے جو پھول ہیں کومل
انہیں نہیں مرجھاؤ جی راجہ جی
اپنی سیجیا پہ پھول سجائے ہمیں نہ ترساؤ جی راجہ جی
پریم رس چکھاؤ جی راجہ جی

گانا نمبر ۱۳

گوری کرے سولہ سنگار ساجن آئیں تو رے دوار
گورے ہاتھ میں مہندی رچائے۔ کانے نین میں سرمہ لگائے گلے پہن لے ہار
آنکھیں ہیں نرگس کے کٹورے۔ نین میں کاجل کے ڈورے
ترچھی چتون مارے کٹار

گانا نمبر ۱۴

بھیگی ہوئی پلکیں ہیں تو آنکھ میں تری ہے۔
دنیا مرے ارمانوں کی آنسو سے بھری ہے۔
ہنگامہ بھرے دل کی صدائیں ہوئیں خاموش۔
آہیں ہیں نہ نالے ہیں۔ نہ درد جگری ہے۔
عذرا بھی بھری قسمت ناشاد کی مانند
اے چرخ یہ کیسی تری بیداد گری ہے۔

گانا نمبر ۱۵

تم اپنے خنجر ابرو کا بسمل دیکھتے جاؤ
کوئی ترچھی نگاہوں کا ہے گھائل دیکھتے جاؤ۔
ہمیں دیکھا تھا پہلے تم نے جن بھولی نگاہوں سے
اسی انداز سے اے ماہ کامل دیکھتے جاؤ۔
ہمیں جی بھر کے تم دیکھو تمہیں جی بھر کے ہم دیکھیں۔
نہ رہ جائے کسی کی حسرت دل دیکھتے جاؤ۔

گانا نمبر ۱۶ ۔ نہ یادِ حق سے غافل ہو دو روزہ زندگانی ہے

سوا اللہ کے ہر ایک شے دنیا کی فانی ہے ۔

فسانہ نشترِ عالم ہو گیا سچی محبت کا

عجب تاثیر میں ڈوبی ہوئی غم کی کہانی ہے ۔

گانا نمبر ۱۷ ساقی تو پلا مجھ کو وہ بادۂ روحانی

ہر بوند میں جس کی ہو کیفیتِ وجدانی

کھل جائیں مرے رو برو اسرار حقیقت کے

ہو دل کو عطا یارب وہ قوتِ ایمانی

ساقی تو پلا . . . .

گانا نمبر ۱۸ وامق اور عذرا

وامق ۔ ہووے گی زیارت چہرے کی اُٹھے گی نقاب کبھی نہ کبھی

کبھی حسرت دید بر آئے گی ۔ دل خانہ خراب کبھی نہ کبھی ۔

عذرا ۔ یہ مجوبہ درد ہے جس سے کھنچا جاتا ہے دل

گانے کی آواز سے میرا ہلا جاتا ہے دل

ہاں نغمۂ درد سنائے جا اے دل تو صدائیں لگائے جا

رد ہو نہ سکا سوالِ گدا کبتک آئیگا جواب کبھی نہ کبھی ۔

عذرا ۔ تم نے یہ صورت بنائی ہے ۔

غم سے اداسی چہرے پہ چھائی ہے ۔

ختم شد

دلچسپ پرمذاق اور لاجواب کتابیں

جن کو پڑھکر ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جائینگے آج ہی طلب فرمایئے

نوابوں کی کہانیاں	۲ر	لاحول ولاقوۃ کی کہانیاں	۲ر
بادشاہوں " "	۲	چغلخوروں " "	۲ر
شہزادوں " "	۲ر	نکمے ٹکے کی چار " "	۲ر
وزیروں " "	۲ر	دل لگی " "	۲ر
مچھیروں " "	۲ر	لٹیروں " "	۲ر
رئیسوں " "	۲ر	آسمانی " "	۲ر
عقلمندوں " "	۲ر	مورکھوں " "	۲ر
بیوقوفوں " "	۲ر	دلچسپ " "	۲ر
شیخ چلی " "	۲ر	مسخروں " "	۲ر
ٹھگوں " "	۲ر	لطائف بیربل	۳ر
تیس مار خاں " "	۲ر	بیربل نامہ	۲ر
جادو " "	۲ر	لطائف ملا دو پیازہ	۲ر
چالبازوں " "	۲ر	ہنسی کلی آلو بخارہ	۲ر
کنجوسوں " "	۲ر	گول گپا	۲ر
شیطانوں " "	۲ر	قصہ علی بابا چالیس چور	۲ر
الو کے پٹھوں " "	۲ر	صبر ایوب	۲ر

ہمارا اور ان کے علاوہ ہر فن کی کتابیں ملنے کا پتہ:

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی